# دوروزہ قومی کانفرنس بعنوان "اسلام اور مغرب: باہمی افہام و تفہیم کی ضرورت اور تقاضے"

بتاریخ ۲۸-۲۹ اکتوبر ۲۰۱۴ء بروز منگل بدھ

باشتراک

اسلامی نظریاتی کونسل، حکومت پاکستان اور اقبال بین الاقوامی ادارہ برائے تحقیق و مکالمہ - بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

بمقام:

قائدِ اعظم آڈیٹوریم کمپلیکس،
بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی،
فیصل مسجد کیمپس، اسلام آباد

## دوروزہ قومی کانفرنس

## اسلام اور مغرب: باہمی افہام و تفہیم کی ضرورت اور تقاضے

اسلام اور مغرب کا آپس میں مسلسل اور صدیوں پر محیط ایک تعلق ہے، اسلام اور مغرب کے حوالے سے مختلف قسم کے رجحانات اور جذبات پائے جاتے ہیں۔ جہاں ایک طرف ایک طبقہ ایسا پایا جاتا ہے جو مغرب کی طرف سے آنے والی کسی بھی چیز کو درست نہیں سمجھتا اور مغرب کے بارے میں ایک حتمی اور طے شدہ ذہن رکھتا ہے کہ وہ اسلام کے مخالف ہیں اور اسلام کو ان سے کسی قسم کا کوئی فائدہ متوقع نہیں تو دوسری طرف مغرب میں بھی چند افراد اسلام کے بارے میں غلط فہمی کا شکار ہیں۔ اس کے باوجود جانبین میں ایک معتدل اور سنجیدہ سوچ موجود ہے کہ اسلام اور مغرب کو آپس میں ایک دوسرے کے قریب لانے کی اور افہام و تفہیم کی ضرورت ہے۔ افہام و تفہیم کی یہ فضا ایک دوسرے کے افکار و خیالات سے آشنا ہو کر اور ایک دوسرے کے ساتھ ادب و احترام اور رواداری کے ماحول میں گفتگو کے ذریعے پنپ سکتی ہے۔

موجودہ دور کے تقاضے اس بات کا مطالبہ کرتے ہیں کہ اسلام اور مغرب کے باہمی تعلقات اور ان دونوں کے آپس میں رویوں کا از سر نو جائزہ لیا جائے اور باہمی افہام و تفہیم کی ضرورت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایسے مسلسل اقدامات کئے جائیں جس کے ذریعے جانبین میں پائے جانے والی غلط فہمیوں کا ازالہ اور ایک مشترکہ لائحہ عمل طے کیا جاسکے، جس کے ذریعے امن وار سلامتی کے ساتھ رہا جا سکتا ہو۔

اسلامی نظریاتی کونسل اور اقبال بین الاقوامی ادارہ برائے تحقیق و مکالمہ کے اشتراک اور تعاون سے ایک دوروزہ قومی کانفرنس منعقد کی جار ہی ہے جس میں "اسلام اور مغرب: باہمی افہام و تفہیم کی ضرورت اور تقاضے" کے موضوع پر اہل علم کو دعوت دی گئی ہے کہ وہ علمی و تجزیاتی اور تحقیقی مقالے پیش کریں۔

**اس قومی کانفرنس کے بڑے بڑے مقصد درج ذیل ہو سکتے ہیں:**

1۔ اسلام کے بارے میں مغرب کے عمومی تاثرات کا تاریخی پسِ منظر میں تجزیاتی مطالعہ۔

2۔ اسلام پر لکھی گئی مستشرقین اور مغربی مفکرین کی کتابوں کا ایک جائزہ

3۔ اسلام کے بارے میں اہل مغرب کی غلط فہمیوں کے اسباب اور ان کے ازالہ کی حکمت عملی۔

4۔ دورِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ معاصرانہ اسلامی فکر کو اجاگر کرنا۔

5۔ اسلام اور اہل مغرب کے مذہب اور روحانی نظام میں مشترکہ اقدار کو اجاگر کرنا۔

6۔ مسلم علماء و دانشور اور مغرب کے سکالرز کے مابین فکری مکالمہ کی اہمیت کو اجاگر کرنا۔

7۔ مغرب کے عوام کو باور کرانا کہ اسلام سلامتی اور عالم گیر امن کا مذہب ہے۔

کانفرنس دوروزہ ہوگی۔ اس کا انعقاد علامہ اقبال آڈیٹوریم اسلام آباد میں ہو رہا ہے۔ سامعین میں اسلام آباد اور راولپنڈی کے یونیورسٹیوں اور مدارس کے اساتذہ و طلبہ و طالبات کے علاوہ دانشور اور صحافی حضرات ہوں گے۔